27/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے کیریپا پریڈ گراونڈ میں سالانہ نیشنل کیڈٹ کور پی ایم ریلی سے خطاب کررہے ہیں ۔ اس سال اس ریلی کا موضوع ”یوا شکتی وکست بھارت “ ہے ۔

NCC کیڈٹ ایک رنگا رنگ ثقافتی پروگرا م پیش کرتے ہوئے اس تقریب میں آٹھ سو سے زیادہ قومی تعمیر میں نیشنل کیڈٹ کور کے عزم کا اظہار کررہے ہیں ۔

پی ایم ریلی میں 18 دوست ممالک کے 144 نوجوان کیڈٹ بھی شرکت NCC اس کے علاوہ کررہے ہیں ۔

یوم جمہوریہ

ملک بھر میں کل 76 ویں یوم جمہوریہ کی تقاریب حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایانِ شان طریقے پر منعقد کی گئی ۔ قومی سطح کی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منعقد ہوئی جہاں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

جموں کشمیر میں یوٹی سطح کی تقریب مولانا آزاد سٹیڈیم جموں میں منعقد ہوئی جہاں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی پرچم پھیرا کر پریڈ کا معائنہ کیا ۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ خاص مہمان کی حیثیت سے موجود تھے ۔ وادی کشمیر میں صوبائی سطح کی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں نائب وزیر اعلی سرندر کمار چودھری نے مارچ پاسٹ پر سلامی لی اور تقریب سے خطاب کیا ۔

سبھی تقاریب میں رنگا رنگ ثقافتی اور تمدنی پروگرام پیش کئے گئے ، جن کے دوران یہاں کی مالا مال ثقافتی میراث کے علاوہ مختلف شعبوں میں اہم حصولیابیوں کو اجا گر کیا گیا ۔

یوم آئین

واضح رہے کہ یوم جمہوریہ کی تقریبات اس دن کی یاد میں منائی جاتی ہے جب 1950 میں بھارتی آئین کا نفاذ عمل میں آیا ۔ یہ دن عوام کو آئین میں موجود اقدار کو بالا دست رکھنے کی یاد دہانی کراتا ہے ، جن سے سبھی کے لئے انصاف ، مساوات اور وِقار کی یقین دہانی ہوتی ہے ۔

غور طلب ہے کہ 25 جون 1975 کو جب ایمرجنسی نافذ کی گئی تو اس دن شہریوں کے بہت سے آئینی حقوق سلب کئے گئے تھے جبکہ میڈیا پر بھی پابندی عائد کی گئی تھی ۔ ایمرجنسی کے دوران ممتاز اپوزیشن لیڈروں اور کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا تھا ۔

UPS

کے تحت ایک یونیفائڈ پنشن NPS مرکزی سرکار نے مرکز کے ملازمین کے لئے قومی پنشن نظام کو نوٹیفائی کیا ہے جسے گزشتہ سال اگست کے مہینے میں متعارف کیا گیا تھا ۔ یہ UPSاسکیم اسکیم، رواں سال یکم اپریل سے نافذہوگی۔

نوٹیفکیشن کے مطابق یکساں پنشن اسکیم کا اطلاق مرکزی حکومت کے
ا

میں ایک متبادل NPS ن ملازمین پر ہوگا جو قومی پنشن نظام کے تحت آتے ہیں اور جو اِسے± کے طور پر چنیں گے۔

کے ساتھ UPS کو NPS مرکزی حکومت کے موجودہ یا مستقبل کے ملازمین کو اختیار ہوگا کہ وہ یا اس کے بغیر بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سودنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جاری ہے ۔ طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آکر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض نے اپنے تاثرات کچھ اس طرح بیان کئے۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com ۔ پر بھیج سکتے ہیں

قومی کھیل

38 ویں نیشنل گیمز کل یعنی 28 جنوری سے اترا کھنڈ میں شرو ع ہو رہے ہیں ۔ 14 فروری تک جاری رہنے والے ان کھیلوں میں حصہ لینے کے لئے جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کا ایک دستہ بھی روانہ ہو اہے ۔

87 مرد اور 21 خواتین کے ساتھ کُل 108 کھلاڑیوں پر مشتمل اس دستے کو کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے جموں سے روانہ کیا ۔ جموں کشمیر کے یہ کھلاڑی 14 الگ الگ قسم کے کھیلوں میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گے ۔

کرکٹ

ICCکے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے کل کے میچ میں کولالمپور بھارت کی انڈر 19 خواتین ٹیم نے میں بنگلہ دیش کے خلاف 8 وکٹ سے جیت درج کی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****